## کیا میں اپنے مستقل ڈاکٹر کی بجائے کسی دوسرے ڈاکٹر کے پاس جاسکتا/سکتی ہوں؟

جی ہاں، لیکن وہ ڈاکٹر پہلے اپنے مستقل مریضوں کو ترجیح دے گا/گی۔ آپ کو کسی اور مستقل ڈاکٹر کے پاس زیادہ فیس نہیں ادا کرنا ہوگی۔

## دیگر رائے ny vurdering کیا ہے؟

اگر آپ کو کوئی بیماری لاحق ہو اور آپ اپنے مستقل ڈاکٹر کی رائے یا علاج سے مطمئن نہ ہوں تو آپ کسی دوسرے مستقل ڈاکٹر کے پاس جاکر اس کی رائے حاصل کرسکتے/سکتی ہیں۔ جب وہ ڈاکٹر اپنا جائزہ مکمل کر لے گا/گی تو وہ اپنی رپورٹ آپ کے مستقل ڈاکٹر کو بھیجے گا/گی۔ اس دیگر رائے کے لیے آپ عام فیس ادا کریں گے/گی۔

## اگر میرا/میری مستقل ڈاکٹر چھٹی پر یا بیمار ہو تو مجھے کیا کرنا ہوگا؟

اگر آپ کا/کی مستقل ڈاکٹر زیادہ مدت کے لیے غیر حاضر ہو تو آپ کو ایک متبادل ڈاکٹر دیا جائے گا جس کی آپ کو اطلاع دی جائے گی۔ اگر آپ
کا/کی ڈاکٹر ایک گروپ کے ساتھ کام کرتا/کرتی ہے تو اس گروپ میں سے کوئی دوسرا/دوسری ڈاکٹر آپ کی مدد کرسکے گا/گی۔ بلدیہ میں ہمیشہ ہنگامی مدد کی سہولت میسر ہوگی، خواہ آپ کا/کی مستقل ڈاکٹر غیر حاضر ہو۔